© rasailojaraid.com



**اچھا بچہ کون؟** مؤلفہ: سید نظر زیدی ۔ ناشر: عبد الحفیظ احمد ۔ البدر پبلی کیشنز ۲۳ ۔ راحت مارکیٹ، اردو بازار، لاہور ۔ قیمت درج نہیں ۔

ہمارے عزیز دوست سید نظر زیدی اپنی بہت سی صلاحیتوں کے ساتھ بچوں کے ادب کی نگارش کے ماہر ہیں ۔ آسان زبان میں کہانیاں، تاریخ، شخصیتیں اور واقعات ان کے سامنے خوبی سے پیش کرتے ہیں ۔ بچوں کو جب یہ تلقین کی جاتی ہے کہ "اچھے بچے بنو" تو لازم ہو جاتا ہے کہ ان کو اچھے بچے کا تصور دلایا جائے ۔ سید صاحب کی یہ آسان اور جلی خط میں لکھی ہوئی کتاب یہ درس دیتی ہے کہ "اچھا بچہ ہونے یا اچھا بچہ نہ ہونے کا تعلق امیر یا غریب ہونے سے نہیں، بلکہ اچھی عادتیں اپنانے اور اچھی عادتیں نہ اپنانے سے ہے ۔" یہ ہے بنیادی حکمت جو اس مختصر آسان کتاب میں پیش کی گئی ہیں ۔

---

**سیرت سرور انبیاء** تصنیف: حافظ ابن کثیرؒ ۔ ترجمہ: غلام احمد حریری ۔ ناشر: کتاب مرکز ۔ بھوانہ بازار ۔ فیصل آباد ۔ قیمت: ۷۵/- روپے

حافظ ابن کثیرؒ کی ایک غیر معروف کتاب سیرت "الفصول فی اختصار سیرۃ الرسول" کا یہ اردو ترجمہ ہے ۔ یہ کتاب دراصل عربی زبان میں ہے اور پہلی بار قاہرہ میں ۱۳۵۷ھ میں چھپی ۔ زیر نظر کتاب اسی کا ترجمہ ہے ۔ لیکن اس میں بہت سے حواشی کا اضافہ کیا گیا ہے ۔

اس کتاب میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حالات زندگی، غزوات اور آپ کی نبوت کے خصائص بیان ہوئے ہیں ۔ انداز تحریر علمی اور محققانہ ہے ۔ اس میں سیرت پر نہایت اہم معلومات موجود ہیں ۔ اور اس کے مستند ہونے کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ یہ حافظ ابن کثیر کی تالیف ہے ۔ اردو ادب میں سیرت کے موضوع پر یہ مفید اضافہ ہے ۔

(رفیق چوہدری)

---



© rasailojaraid.com